برائے مطالعہ

''نعت''



احمد مصطفیٰ
یاحبیبِ خدا
سرورِ انبیاء
رہنما! رہنما!
سیدالہاشمی !
ہو شفاعت مری
پیارے بچوں کے بے شک ہو پیارے نبیؐ
السلام اے نبیؐ! السلام اے نبیؐ

میرے اُمی لقب
شہرِ علم وادب
شہنشاہِ عرب
علم تم سے طلب
یانبیؐ یانبیؐ
ہو شفاعت مری
پیارے بچوں کے بے شک ہو پیارے نبیؐ
السلام اے نبیؐ ! السلام اے نبیؐ

فاطمہ کے پدر
سیّدِ خوب تر
اس طرف بھی نظر
لو میری کچھ خبر

آس تم سے لگی
ہو شفاعت مری

پیارے بچوں کے بے شک ہو پیارے نبیؐ
السلام اے نبی ﷺ ! السلام اے نبیؐ



جانِ دنیا و دیں
خاتم المرسلیں
رحمت العالمیں
شاہ دنیا و دیں
تم سے رحمت ملی
ہو شفاعت مری

پیارے بچوں کے بے شک ہو پیارے نبیؐ
السلام اے نبی ﷺ ! السلام اے نبی

تم پہ اتری وحی
شمع رحمت چلی
لَو ہے تم سے لگی
روشنی ہو مری
تم مری زندگی
ہو شفاعت مری

پیارے بچوں کے بے شک ہو پیارے نبیؐ
السلام اے نبیؐ ! السلام اے نبیؐ

السلام اے نبیؐ!
السلام اے نبیؐ!!

❖ سید ابراہیم نادمؔ بلخی مرحوم